## صدرمملکت آصف علی زرداری اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کے درمیان ٹیلیفون پر گفتگو

## دونوں رہنماؤں کے درمیان ایم کیوایم کے وزراء کے استعفے اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال

## ایم کیوایم کے تمام تحفظات اور شکایات دور کی جائیں گی۔صدر آصف زرداری

## ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں جمہوری عمل چلتا رہے اور ملک میں استحکام ہو۔الطاف حسین

لندن۔۔۔29 دسمبر2010ء

صدرمملکت آصف علی زرداری اور متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کے درمیان بدھ کی شب ٹیلیفون پر گفتگو ہوئی ۔گفتگو بڑے اچھے ماحول میں ہوئی۔دونوں رہنماؤں کے درمیان وفاقی کابینہ سے ایم کیوایم کے وزراء کے استعفے اور ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔صدرآصف زرداری نے جناب الطاف حسین سے کہا کہ وہ ایم کیوایم کو ہرحال میں ساتھ لیکر چلنا چاہتے ہیں اوران کی کوشش ہے کہ دونوں جماعتوں کے درمیان تعلقات مزید بہتر ہوں۔صدرآصف زرداری نے جناب الطاف حسین کو یقین دلایا کہ ایم کیوایم کے تمام تحفظات اور شکایات دور کی جائیں گی ،اس مقصد کیلئے وہ کراچی میں موجود ہیں اوروہ اپنی موجودگی میں ان مسائل کوخوش اسلوبی سے حل کریں گے۔صدرمملکت نے بتایا کہ وہ چندروز بعد گورنرسندھ ڈاکٹرعشرت العباد اوروفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک کومزید بات چیت کیلئے لندن بھیجیں گے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ملک میں جمہوری عمل چلتا رہے اور ملک میں استحکام ہو۔

## مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے نامناسب بیانات اورذاتی حملوں کے جواب میں ہرگز اشتعال اورغصہ میں نہ آئیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی ،حق پرست ارکان وذمہ داران کوالطاف حسین کی ہدایت

لندن۔۔۔ 29 دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے تمام ارکان ،حق پرست سینیٹرز ،ارکان قومی وصوبائی اسمبلی سمیت تمام ذمہ داروں کوہدایت کی ہے کہ وہ مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کے نامناسب بیانات اورذاتی حملوں کے جواب میں ہرگز اشتعال اورغصہ میں نہ آئیں اورصبروتحمل سے کام لیتے ہوئے بردباری کا مظاہرہ کریں اور بیانات میں شائستگی کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑیں۔انہوں نے کہا کہ ملک نازک دور سے گزررہا ہے اوروہ مزید کسی سیاسی محاذ آرائی کا متحمل نہیں ہوسکتا۔

## نوازشریف کی جانب سے ایم کیوایم کے خلاف شرانگیز تقریر قابل مذمت ہے

## کشمیری رہنماؤں محمدمنشاء خان، چوہدری محمدایوب کا بیان

لندن29۔۔۔دسمبر2010ء

ایم کیوایم برطانیہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن اورشیفیلڈ کے ممتاز کشمیری رہنما محمد منشاء خان اور پیٹر براء کے سابق میئر چوہدری محمد ایوب نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں مسلم لیگ ن کے سربراہ نوازشریف کی جانب سے ایم کیوایم کے خلاف شرانگیز تقریر کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ مظفرآباد آزادکشمیر میں نوازشریف نے ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بارے میں جو بلاجواز اشتعال انگیز تقریر کی ہے اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ مسلم لیگ نواز پنجاب اور آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت اورعوام میں انقلاب کیلئے پیدا ہونے والی حرارت سے بری طرح خائف ہوگئی ہے اسی لئے وہ ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین پر بہتان تراشی پراتر آئی ہے۔انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام اس بات سے بخوبی واقف ہیں کہ جس وقت کشمیری عوام تاریخ کے بدترین زلزلہ سے متاثر تھے،کیمپوں میں پڑے تھے،امداد کیلئے ترس رہے تھے اس وقت مسلم لیگ کے کاغذی شیر نوازشریف جنرل پرویزمشرف سے معافی مانگ کراپنے مال واسباب کے ساتھ سعودی عرب کے شاہی محلوں میں عیش کررہے تھے،انہیں کشمیریوں کا کوئی خیال نہیں تھا،مصیبت کے اس وقت صرف اورصرف ایم کیوایم ہی وہ جماعت تھی اور قائد تحریک الطاف حسین ہی رہنما تھے جنہوں نے زلزلہ سے متاثرہ کشمیری عوام کی مدد کی تھی۔کشمیریوں کواپنے سیاسی مفادات اوراقتدار کے حصول کیلئے استعمال کرنے والے نوازشریف آج پھراپنے سیاسی مفادات کیلئے آزادکشمیر میں آکرانہیں بیوقوف بنانے کی کوشش کررہے ہیں۔محمد منشاء خان اور چوہدری محمد ایوب نے کہا ہے کہ کشمیری عوام نوازشریف کے گھناؤنے عزائم سے واقف ہیں اوراب کوئی بھی سازش کشمیری عوام کوالطاف حسین اورایم کیوایم سے دورنہیں کرسکتی۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جامعہ کراچی بم دھماکے میں زخمی ہونیوالے طلباء کی مقامی اسپتال جا کر عیادت کی

کراچی۔۔۔29دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر برائے صحت ڈاکٹر صغیر اور رکن رابطہ کمیٹی کیف الوریٰ نے گزشتہ روز جامعہ کراچی بم دھماکے میں زخمی ہونیوالے طلباء کی مقامی اسپتال جا کر عیادت کی اور انکی خیریت دریافت کی ۔اس موقع پر آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے مرکزی ذمہ داران بھی انکے ہمراہ تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے اسپتال میں موجود ڈاکٹرز و دیگر انتظامیہ کو ہدایات دیں کہ وہ زخمیوں کے علاج و معالجے میں کسی قسم کسر نہ چھوڑیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے دھماکے میں زخمی ہونیوالے طلباء سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انکی جلد مکمل صحتیابی کیلئے دعا بھی کی ۔

## آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے وزیر برائے انفارمیشن اوورسیز اور ماحولیات ڈاکٹر محمود ریاض کی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے شہداء کی یاد میں بنائی گئی یادگارِ شہداء حق پر حاضری دی اور پھول چڑھائے

کراچی۔۔۔29دسمبر 2010ء

آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے وزیر برائے انفارمیشن اوورسیز اور ماحولیات ڈاکٹر محمود ریاض نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنور خالد یونس اور سیف یار خان سے ملاقات کی ۔ملاقات میں دونوں جانب سے ملک کے سیاسی حالات اور معاشی واقتصادی امور سمیت مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔دریں اثناء آزادکشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے وزیر برائے انفارمیشن اوورسیز اور ماحولیات ڈاکٹر محمود ریاض نے جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ایم کیوایم کے شہداء کی یاد میں بنائی گئی یادِگار شہداء حق پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور شہداء کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی ۔اس موقع ایم کیوایم صوبائی تنظیمی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی اور اراکین بھی موجود تھے۔

## ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر کے کارکن عبدالرحیم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہارِ افسوس

لندن۔۔۔29دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن عبدالرحیم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر شریک ہیں ۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔29دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن عبدالرحیم ،ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے کارکن عرفان کے والد شیخ اشفاق احمد، برنس روڈ سیکٹر یونٹ 22 رتن تلاؤ کے کارکن تنویر الدین کے والد غیاث الدین، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ خواستی بروہی گوٹھ کے کارکن طالب حسین کے بڑے بھائی نذر حسین، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی لانڈھی سیکٹر یونٹ 1 کے کارکن عالم زیب درانی کی والدہ محترمہ گم دی دی درانی، نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ 137 کے کارکن محمد صلاح الدین قریشی کے والد صوفی سراج الدین اور ایم کیوایم پی،آئی،بی جہانگیر روڈ سیکٹر یونٹ 49 کے کارکنان اصغر حسین اور صابر حسین کی ہمشیرہ محترمہ شمشاد بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم اوورسیز نوروے کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان کی شہداء کی قبروں پر حاضری اور فاتحہ خوانی

کراچی ۔۔۔29دسمبر 2010ء

ایم کیوایم اوورسیز نوروے کے آرگنائزر سیّد اظہر ظہیر نے آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر ارکان اور امیر جامعہ اسلامیہ (کینیڈا) مولانا آصف قاسمی کے ہمراہ گزشتہ روز یٰسین آباد میں واقع شہداء قبرستان جاکر قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بڑے بھائی ناصر حسین شہید، بھتیجے عارف حسین شہید اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی قبر پر حاضری دی اور فاتحہ خوانی کی ۔ بعدازاں انہوں نے ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اور قائد تحریک جناب االطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## ایم کیوایم کے وفاقی وزراء کی جانب سے اپنے استعفےٰ اصولی مئوقف پر ڈٹے رہنے کا کھلا ثبوت ہے
## مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد کی جانب سے نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں وفاقی وزراء کی جانب سے استعفےٰ ارسال کرنے پر خیر مقدم پیغامات کا تانتا بندھ گیا

کراچی ۔۔۔29دسمبر 2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے ایم کیوایم کی وفاقی کابینہ سے علیحدگی کے اعلان کے بعد حق پرست وفاقی وزراء ڈاکٹر فاروق ستار اور بابر غوری کی جانب سے اپنے استعفےٰ ایوانِ صدر منظوری کیلئے ارسال کرنے کا زبردست خیر مقدم کیا ہے اور کہا ہے کہ ایم کیوایم کے وفاقی وزراء کی جانب سے اپنے استعفےٰ ارسال کرنا حق پرستانہ اور اُصولی مئوقف پر ڈٹے رہنے کا کھلا ثبوت ہے ۔ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں حق پرست وفاقی وزراء ڈاکٹر فاروق ستار اور بابر خان غوری کی جانب سے اپنے استعفےٰ ایوان صدر ارسال کئے جانے کے اقدام پر ٹیلی فون،فیکس اور ای میل پر پیغامات کا تانتا بندھ گیا۔ پیغامات بھیجنے والوں میں ڈاکٹرز،انجینئرز،شعرائے کرام ، دانشور، علمائے کرام ،طلباء،صحافی ، فنکار اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بہت بڑی تعداد شامل ہے ۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین جمہوریت اور اصولی سیاست پر یقین رکھتے ہیں اور موجودہ حکومت میں بھی ایم کیوایم کے ارکان اسمبلی کی ایوانوں میں دیگر اتحادیوں سے زیادہ اکثریت ہونے کے باوجود ایم کیوایم نے مفاہمت کی پالیسی کو جاری رکھا ہے اور جمہوریت کے استحکام کیلئے ہی عملی طور پر کام کیا ہے ۔ ان کا کہنا تھا کہ وفاقی کابینہ سے ایم کیوایم کی علیحدگی کے اعلان کے بعد اس کے وزراء کی جانب سے اپنے استعفےٰ منظوری کیلئے ارسال کردینا جراتمندانہ اقدام ہے اور اس بات کو واضح کرتا ہے کہ ایم کیوایم ملک کی سیاست میں اپنے مفادات کے حصول کیلئے نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کے بنیادی حقوق کے حصول کی جدوجہد کررہی ہے ۔ ان کا کہنا تھا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں ابھرنے والے غریب ومتوسط طبقے کے جس انقلاب کی بات کررہے ہیں اس نے جاگیرداروں، وڈیروں، سرمایہ داروں میں کھلبلی مچادی ہے اور انشاءاللہ وہ انقلاب اب دور نہیں جب ملک بھر کے 98فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام ایک آواز ہوجائیں گے اور فرسودہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ پھینکیں گے ۔ اپنے پیغامات میں انہوں نے ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی، اس کے خلاف سازشوں کے خاتمے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کیں۔

## پاکستان فلم انڈسٹری کے معروف ہدایتکار جاوید فاضل کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی ۔۔۔29، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے پاکستان فلم انڈسٹری کے معروف ہدایت کار جاوید فاضل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے ۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے ۔ (آمین)

## بھٹ شاہ جلسہ عام کی تاریخ ساز کامیابی نے ملک بھر میں آنے والے انقلاب کی راہ ہموار کردی ہے،حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

## جلسہ عام کو کامیابی سے ہمکنار کرانے پرسندھ دھرتی پر بسنے والی تمام قومیتوں سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔29دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے 25، دسمبر ہفتہ کو بھٹ شاہ کے ملا کھڑا گراؤنڈ میں ہونے والے ایم کیوایم کے جلسہ عام کی تاریخ ساز کامیابی کو ملک بھر کے مظلوم اور حقوق سے محروم عوام کی فتح قرار دیا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بھٹ شاہ جلسہ عام کی فقید المثال کامیابی نے جہاں تمام سازشوں کو ملیا میٹ کر کے رکھ دیا ہے وہیں صوبہ سندھ کی امن، محبت اور پیار کی دھرتی سے ملک بھر میں آنے والے انقلاب کی راہ ہموار کردی ہے۔انہوں نے کہا کہ بھٹ شاہ کے جلسہ عام میں جس پیار، محبت، یکجہتی اور اتحاد کا مظاہرہ کیا گیا ہے وہ مثالی ہے اور اب اس مثالی اتحاد کو پارہ پارہ کرنے کے عزائم رکھنے والے باز آجائیں ورنہ یہ عظیم الشان اتحاد انہیں تنکوں کی طرح بہالے جائے گا۔حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے جلسہ عام میں بھرپور شرکت کر کے اسے کامیابی سے ہمکنار کرانے پرسندھ دھرتی پر بسنے والی تمام قومیتوں کی ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھٹ شاہ جلسہ عام کی تاریخ ساز کامیابی ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگی۔

☆☆☆☆☆